05/07/2025

12.30 PM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ مسرت شاہ سے خبریں سُنئے

وزیراعظم

کے اپنے کامیاب دورے کے بعد آج صبح Tobago اور Trinidad وزیراعظم نریندر مودی پہنچ گئے ہیں۔ وہ پانچ ملکوں کے اپنے دورے کے تیسرے Beunos Aires ارجنٹینا کی راجدھانی مرحلے میں یہاں پہنچے ہیں۔
ا

---

ن کے اِس دورے کا مقصد، گلوبل ساوتھ کے ساتھ، بھارت کی سرگرمیوں کا اعادہ کرنا ± ہے۔وزیراعظم کا، ارجنٹینا کا یہ دورہ آج شام جنرل de San Martin Jose کے مجسمے پر خراجِ عقیدت پیش کرنے کے ساتھ شروع ہوگا، جو ارجنٹینا کے قابل احترام مجاہد آزادی اور قومی ہیرو تھے۔ بعد میں نریندر مودی کو ایک باقاعدہ استقبالیہ دیا جائے گا اور پھر وہ وفد کی سطح کی بات چیت کریں گے ۔ وزیراعظم ظہرانے کی ایک تقریب میں شرکت کریں گے، جس کا اہتمام صدر Javier Milei نے کیا ہے۔

شیو راج سنگھ چوہان

زراعت کے مرکزی وزیر شیو راج سنگھ چوہان نے کہاہے کہ جموں کشمیر کے زرعی منظر نامے کو مزید تقویت بخشنا سرکار کے ترجیحی ایجنڈے میں شامل ہیں ۔ شیر کشمیر یونیورسٹی آف ایگریکلچرل سائنسز اینڈ ٹیکنالوجی کشمیر کے چھٹے کنووکیشن سے خطاب کرنے کے بعد صحافیوں سے بات کرتے ہوئے انہوننے کہا کہ جمونو کشمیر میں HADP کامیابی کے ساتھ عملایا جا رہا ہے۔ وزیر موصوف نے کہا کہ مرکز وادی میں اعلیٰ معیار کا ایک پلانٹ سینٹر قائم کر رہا ہے ۔

مرکزی سیکرٹری

وادی میں جاری مختلف زرعی پروجیکٹوں کا جائزہ لینے اور زرعی شعبے کو دوام بخشنے کے مقصد سے زراعت و کسانوں کی بہبودِ کے مرکزی سیکرٹری دیویش چترویدی نے کل متعلقہ عہدیداروں کے ہمراہ اہم زرعی اداروں اور مراکز کا دورہ کیا۔ انہوں نے پانپور میں قائم اِنڈین

انٹرنیشنل کشمیر زعفران ٹریڈ سینٹر کے دورے کے دوران کسانوں کو بہتر قیمت دلوانے کے لئے برانڈنگ اینڈ مارکیٹنگ کی اہمیت پر زور دیا۔ لال منڈی میں واقع شہد کی جانچ کی لیبارٹری کامعائینہ کرتے ہوئے سیکریٹری موصوف نے قومی و بین الاقوامی منڈیوں تک شہد کی رسائی کے لئے یقین دہانی کی۔وہاں قائم فلوری کلچر نرسری کے دورے کے دوران انہوں نے حکام پر زور دیا کہ وہ نوجوانونا ور کاروباری افراد میں کمرشل فلوری کلچر کو فروغ دیں۔

چیف سکریٹری

چیف سکریٹری اٹل ڈلو نے جموں و کشمیر کو پاور سرپلس خطے میں تبدیل کرنے کے حکومت کے عزم کا اعادہ کیا ہے ۔ انہوں نے یوٹی میں اہم ہائیڈرو پاور پروجیکٹوں کی بر وقت تکمیل کے لئے سختی سے ڈیڈ لائن پر عمل پیرا ہونے کی ضروررت پر زور دیا ہے۔ ہائیڈرو پاور پروجیکٹوں کا جائزہ لینے کے لئے متعلقہ عہدیداروں کی ایک میٹنگ کی صدارت کرتے ہوئے چیف سکریٹری نے کلیئرنس میں سرعت لانے اور تمام حائل رکاوٹوں کو دور کرنے میں حکومت کی مکمل حمایت کی یقین دہانی کی ۔

یاترا

سالانہ شری امرناتھ جی یاترا خوش اسلوبی کے ساتھ جاری ہے ۔ 38 دنوں تک جاری رہنے والی یاترا کا آج تیسرا دن ہے ۔ آج سویرے ہزاروں یاتریوں کوپہلگام اور سونہ مرگ سے امر ناتھ گھپا کی طرف چلنے کی اجا زت دی گئی ۔ سرکاری ذرائع کے مطابق صبح گیارہ بجے تک آج مزید پانچ ہزار 9 سو سے زیادہ یاتریوں نے پوتر گھپا میں شو لنگم کے درشن کئے ہیں۔

بانڈی پورہ

جاری شری امرناتھ جی یاترا کے سلسلے میں ڈپٹی کمشنر بانڈی پورہ منظور احمد قادری نے شادی پورہ ٹرانزٹ کیمپ کا دورہ کر کے وہاں یاتریوں کو فراہم کی جارہی سہولیات اور خدمات کے معیار کا جائزہ لیا ۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو حفظان صحت کو برقرار رکھنے ، دن رات طبی امداد اور دیگر سہولیات کو یقینی بنانے پر زور دیا ۔

محرم

آج محرم الحرام کے مقدس مہینے کی 9 تاریخ ہے ۔ایام محرم کے دوران // باطل کے خلاف حق کی علم بلند کرنے والے// شہدائے کربلا کو خراج عقیدت ادا کرنے کے لئے عزاداری کے جلوسوں ، مرثیہ خوانی اور نوحہ خوانی کی مجالس کا انعقاد جاری ہے ۔

کرکٹ

ٹرسٹ اور سپورٹس کلب سوپور کے آپسی اشتراک سے کل قوت بینائی سے Blinds جے اینڈ کے نے رائزنگ SB Titans محروم کرکٹ ٹیموں کے درمیان ایک دلچسپ میچ کھیلا گیا جس دوران سٹارکو ایک وکٹ سے شکست دی ۔ اس موقعہ پر ایم ایل اے سوپور ارشاد رسول کار اور ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر شبیر احمد رینہ نے دونوں ٹیموں کو نقد انعامات اور ٹرافیز سے نوازا۔

ابھیان

دھرتی آبھا جن جاتیہ گرام اتکرش ابھیان کے ایک حصے کے طور پرضلع انتظامیہ گاندربل نے پنچایت گھر مرگنڈ میں ایک خصوصی آو

---

ٹ ریچ کیمپ منعقد کیا۔ کیمپ میں مختلف محکموں کے افسران موجود تھے۔ٔ

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ